10537-بال نرم کرنے کے لیے حشیش کا تیل استعمال کرنا

سوال

حشیش کا بنا ہوا تیل بال وغیرہ نرم کرنے کے لیے استعمال کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو حشیش کا یہ تیل نشہ آور ہے،
نشہ آور مواد پر مشتمل ہونے کی بنا پر اس کی فروخت ممنوع ہے، تو اس کا استعمال جائز
نہیں، اللہ سبحانہ و تعالی نے امت محمدیہ کی شفا کسی ایسی چیز میں نہیں رکھی جو امت
کے لیے حرام ہے.

اس لیے اگر تو یہ حشیش وہی ہے جو نشہ
آور ہے، اور جو نشہ والی اشیاء میں شمار ہوتی ہے تو اس کا استعمال اور اس کے ساتھ
علاج کرنا جائز نہیں، کیونکہ یہ نشہ آور اشیاء نقصان اور ضرر دیتی ہیں، اور یہ
بیماری ہیں علاج نہیں.

اور جیسا کہ ام سلمہ رضی اللہ تعالی
عنہا کی درج ذیل حدیث میں بھی بیان ہوا ہے کہ یہ شفاء نہیں.

ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان
کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"یقینا اللہ تعالی نے میری امت کی
شفا اس چیز میں نہیں رکھی جو اس کے لیے حرام کی ہے".